# Evening Urdu Bulletin

Time: 07:40 PM　　　　　　　　Dated: 20 July 2026

....آداب .... یہ آکاش وانی سرینگرہے
خبروں کا بلیٹن لیکر مینمبشر رُفائی۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں

ہیڈلائنز

*...پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس کے پہلے دن کی کاروائی اپوزیشن ممبران کے
//شوروغل کے نتیجے میں بار بار ملتوی
سپیکر کی ممبران کو ایوان کا تقدس برقرار رکھنے کی اپیل۔

*...ملک میں اصلاحات کی پالیسی کے باعث نوجوانوں کو نئے مواقعے ہورہے
ہیںحاصل//وزیر اعظم

*...ڈوڈہ میں چٹانیں کھسکنے کے نتیجے میں2اور پونچھ میں 7افراد ازجان//لیفٹنٹ
گورنر نے لیا صورتحال کا جائزہ۔

اور
*...وزیر اعلیٰ کا از جان ہوئے افراد کے لواحقین کے حق میں 6/6لاکھ روپے کی امداد
کا اعلان ۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس آج سے شروع ہوگیا ۔پہلے دن کی کاروائی اپوزیشن کے احتجاج کے باعث دن بھر کیلئے ملتوی کرنا پڑی۔لوک سبھا کی کاروائی جب آج صبح 11بجے شروع ہوئی تو ایوان نے ان 6سابق ارکان کو خراج پیش کیا جن کا حال ہی میں انتقال ہوا ہے۔ایوان میں قطر کے امیر کے والد شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کو بھی خراج پیش کیا گیا۔ایوان کے سپیکر نے جب سوالونکے وقفے کی کاروائی شروع کی تو کانگریس اورسماج وادی پارٹی سمیت اپوزیشن ممبران نے NEET امتحان کا پرچہ لیک ہونے کا معاملہ اٹھایا۔اوم برلا نے اپوزیشن پر زور دیا کہ وہ ایوان کا کام کاج چلانے میں تعاون کریں اور ایوان کا وقار برقرار رکھیں۔لیکن اپوزیشن ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا اور لوک سبھا کی کاروائی 12بجے تک کیلئے ملتوی کرنا پڑی۔اس کے بعد جب کاروائی دوبارہ شروع ہوئی تو صورتحال میں کوئی تبدیلی نہ دیکھ کر کاروائی کو 2بجے تک کیلئے ملتوی کرنا پڑا جو بعد میں دن بھر کیلئے ملتوی ہوگئی۔
اُدھر راجیہ سبھا کی کاروائی نئے اور دوبارہ منتخب کئے گئے ارکان کی حلف برداری کے ساتھ شروع ہوئی۔بعد میں ایوان کے ان سابق ارکان کو خراج پیش کیا گیا جن کا پچھلے اجلاس کے بعد انتقال ہواہے۔اپوزیشن کے لیڈر ملک ارجن کھڑگے نے NEET امتحان کا پرچہ لیک ہونے کا معاملہ اٹھانے کی کوشش کی تاہم شوروغل کے تناظر میں راجیہ سبھا کے چیئر مین سی پی رادھا کرشنن نے ایوان کی کاروائی 12بجے تک کیلئے ملتوی کردی ۔دوبارہ کاروائی شروع ہونے کے بعد جب اپوزیشن نے نعرہ بازی شروع کی تو ایوان کے صدر نشین نے کاروائی دوپہر2بجے تک کیلئے ملتوی کی جو بعد میں اپوزیشن کے شوروغل کی وجہ سے دن بھر کیلئے ملتوی کی گئی۔

PM

اسی دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ جس طرح اچھی بارش ہرکسی کیلئے فائدہ مند ہوتی ہے ، اسی طرح اگر مون سون اجلاس بھی مثبت اور فعال انداز میں چلایا جائے تو اس سے ملک اور عوام دونوں کو فائدہ پہنچے گا۔نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ اس بار مون سون اور پارلیمنٹ کا اجلاس دونوں ہی نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔

----V/O----

وزیر اعظم نے کہا کہ اصلاحات کی پالیسی کے باعث نوجوانوں کو نئے مواقعے حاصل ہورہے ہیں۔

بارش

جموں و کشمیر میں آج بھی موسم ناخوشگوار رہا اور بیشترعلاقوں سے صبح سویرے سے ہی شدید بارش ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔وادی کے طول و ارض میں صبح سویرے ہوئی بارشوں کے نتیجے میں معمولاتِ زندگی متاثر ہوئیں۔سرینگر شہر کے بیشتر علاقوں میں سڑکیں زیر آب آگئیں جس کے بعد گاڑیوں کی آمدورفت میں بھی خلل پڑا۔

ایل جی بارش

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہانے جموں وکشمیر میں موسلا دھار بارشوں ، اچانک آئے سیلاب اور چٹانیں کھسکنے کی وجہ سے پیدا شدہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹننٹ گورنر نے ڈوڈہ ضلعے میں 2قیمتی انسانی جانوں کے زیاں پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگواران کے ساتھ تعزیت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں NDRF،SDRF ، پولیس اور فوجی دستے حساس علاقوں میں بچاؤ کاروائیاں انجام دے رہے ہیں۔ایل جی نے کہا کہ پونچھ ،راجوری ، ریاسی اور ادھمپور کی اہم رابطہ سڑکوں کو دوبارہ ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا ہے جبکہ مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی بحال کرنے کا کام جنگی بنیادوں پر جاری ہے۔

ایل جی پونچھ

ایک اور سوشل میڈیا پوسٹ میں منوج سنہانے پونچھ میں موسلا دھار بارشوں کے نتیجے میں 7افراد کے جان بحق ہونے پر سخت صدمے کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ متاثرہ کنبوں کو فوری امداد فراہم کی جانی چاہئے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے راجوری اور پونچھ اضلاع کے اُن افراد کے لواحقین کے حق میں 6لاکھ روپے فی کس ایکسگریشیا ریلیف کا اعلان کیا ہے جو ان اضلاع میں موسلا دھار بارشوں کی وجہ سے جان بحق ہوئے ہیں۔اس امدادی پیکیج میں 4لاکھ روپے سٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فنڈ سے جبکہ 2لاکھ روپے چیف منسٹرس ریلیف فنڈ سے واگزار کئے جائیں گے۔وزیر اعلیٰ نے تمام ضلعی انتظامیہ کو 24جولائی تک ہر 6گھنٹے کے بعد موسمی صورتحال کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔

ڈوڈہCM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ڈوڈہ میں پتھر گرنے کے واقعات میں جانی نقصان پر گہرے صدمے کا اظہار کیاہے۔انہوننے زخمیونکو فوری بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت دی۔ڈوڈہ ضلعے کے رَگی نالہ اور جاتھی گنیکا علاقوں میں پتھر گرنے کے واقعات میں 2افراد ہلاک اور6دیگر زخمی ہوئے ہیں۔

سنیل شرما

بی جے پی کے لیڈر اورقانون ساز اسمبلی میں اپوزیشن کے رہنما سنیل شرما نے آج پارٹی کے کئی لیڈروں کے ہمراہ پونچھ اور راجوری اضلاع کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرنے کے دوران متاثرہ کنبوں سے بات کی جس دوران انہیں متاثرہ لوگوں نے اپنے مسائل ومشکلات سے آگاہ کیا۔انہوننے ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی کہ متاثرہ کنبوں کو بغیر کسی تاخیر کے تمام ممکنہ امداد بہم رکھی جائیں۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔
پر بھی سماعت DTH اور News on AIRخبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن کرسکتے ہیں۔

یاترا معطل

ناسازگار موسم کے پیش نظر سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کو آج دوسرے دن بھی معطل رکھا گیا۔انتظامیہ نے یاتریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ موسم میں بہتری آنے تک یاترا کیمپوں میں ہی قیام کریں۔آج بھی کسی بھی یاتری کو جموں سے وادی کی طرف روانہ نہیں کیا گیا۔ یاتراکی بحالی کا فیصلہ موسم میں بہتری آنے کے بعد ہی لیا جائے گا۔

چیف سیکرٹری

سرینگر میں آج ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے امرناتھ یعنی سینٹرل آرمڈ پولیس فورسز کی سفارشات پر CAPF جی یاتراکی سہولیت کی بہتری کیلئے عملدرآمد کا جائزہ لیا ۔یہ سہولیات لکھن پور سے لیکر پوتر گپھا تک کے پورے راستے پر محیط ہیں۔میٹنگ میں سول انتظامیہ اور شری امرناتھ جی شرائن بورڈ کے اعلیٰ افسران کے علاوہ انتظامی سیکرٹریوں اور پولیس افسران نے شرکت کی ۔

کٹرہ

خراب موسمی حالات کے باعث شری ماتا ویشنودیوی یاترا کو عارضی طور پر معطل کئے جانے اور محکمہ موسمیات کی طرف سے جاری ایڈوائزری کے پیش نظر شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ نے کٹرہ میں درماندہ شردھالوؤں کیلئے مفت لنگر کی سہولیات بہم رکھی ہیں۔

دلی احتجاج

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ورنائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج نئی دلی میں پارٹی کے ایک احتجاجی پروگرام کی قیادت کی۔احتجاج کررہے پارٹی لیڈران

اور کارکنان جموں وکشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی کا مطالبہ کررہے تھے۔اس دوران عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے بتا یا کہ انہیں جنتر منتر پر جانے سے روکا گیا۔احتجاجی مظاہرے میں نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈروں کے علاوہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ اور سینئر لیڈر غلام احمد میر نے بھی حصہ لیا۔

NC

ادھر نیشنل کانفرنس کی طرف سے سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر اور شیرکشمیر بھون جموں کے علاوہ یوٹی کے تمام اضلاع میں بھی احتجاجی مظاہرے کئے گئے جن میں مقامی پارٹی لیڈران اور کارکنوں نے شرکت کی۔

تاریگامی

سی پی آئی ایم کے سینئر لیڈر اور ایم ایل اے کولگام ﷴ یوسف تاریگامی نے جموں وکشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی کے حق میں نیشنل کانفرنس کے احتجاج کو حق بجانب قرار دیتے ہوئے اس کی حمایت کی ہے۔سرینگر میں ایک پریس کانفرنس کے دوران انہوننے کہا کہ مرکزی سرکار کو اس بارے میں اپنا وعدہ پوراکرناچاہئے۔

ملاقات

قانون ساز اسمبلی کے ممبران سرجیت سنگھ سلاتھیا،ڈاکٹر دیویندر کمار مانیال اور بلونت سنگھ منکوٹیا نے آج لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی جس دوران انہوں نے اپنے اپنے چناؤ حلقونمیں عوامی اہمیت کے مختلف معاملات ایل جی کی نوٹس میں لائے۔

بک فیسٹول

سرینگر میں جاری چنار بُک فیسٹول میں آج بھارتی خلاءباز گروپ کیپٹن شُبھانشو SKICC شکلا نے بھی شرکت کی۔وادی کے مختلف علاقوں سے آئے طالبِ علموں،ان کے والدین اور اساتذہ نے شبھانشو شکلا کا پرتپاک استقبال کیا۔اس موقعے پر گروپ کیپٹین کے اعزازمیں ایک تقریب منعقد ہوئی جس کی نظامت بُک فیسٹول کے چیف کنوینئر امت وانچو نے کی۔شبھانشو شکلا نے اپنے کیریئر کی یادگار داستان بیان کرتے ہوئے طالب علموں سے تلقین کی کہ وہ اپنے خوابوں کو پورا کرنے پر توجہ مرکوز کریں۔انہوں نے بھارت کے گگن یان خلائی مشن ، بھارتیہ خلائی سٹیشن اور 2040تک چاند پر بھارتی مشن کا ذکر بھی کیا۔انہوں نے کہاکہ بھارت کا خلائی سفر اب نئی نسل کے ہاتھ میں ہے۔

Runner

اجمیر راجستھان سے تعلق رکھنے والی بین الاقوامی شہرت یافتہ رنر اور گیونز بُک آف ورلڈ ریکارڈ ہولڈر صوفیہ صوفی نے کنیا کمار ی سے کشمیر تک4ہزار ایک سو کلومیٹر کا رننگ رَن کنیاکماری سے شروع کیا اور وہ آج صبح سرینگر solo ایکسپیڈیشن پورا کیا ہے۔ انہوں نے یہ پہنچ گئیں۔ اس اہم کامیابی اور کشمیر ی عوام کی مہمان نوازی کے تعلق سے انہوں نے ہمارے نمائندے محمود احمد خان کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Byte........

منشیات

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سرینگر کے نوہٹہ، حول ، کاٹھی دروازہ ، رعناواری اور قمر واری علاقوں میں 10ڈرگ سمگلرونکی 8کروڑ روپے مالیت کی جائیدادیں اٹیچ کی ہیں۔ اس دوران پولیس نے کاکہ پورہ پلوامہ کے رہنے والے ایک ڈرگ سمگلر کی گرفتاری عمل میں لاکر اس کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار برآمد کی ہے۔

غذائی اجناس

جموں وکشمیر میں مون سون سیزن کے دوران مستحقین کو غذائی اجناس کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ خوراک و رسدات اور امور صارفین نے قومی غذائی اسکیموں کے تحت اگست ، ستمبر اور اکتوبر مہینے کیلئے مختص غذائی NPHH اورNFSAتحفظ اجناس کی پیشگی حاصل کرنے اور تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔یہ فیصلہ احتیاطی اقدام کے طور پر اٹھایا گیا ہے تاکہ بارشوں کے موسم میں پیدا ہونے والے ممکنہ نقل وحمل اور غذائی اجناس سے متعلق مسائل سے نمٹا جاسکے۔

شاہین

جنتادل یونائیٹڈ جموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے یوٹی میں سبھی خستہ حال سڑکوں پر میکڈم بچھانے کا سرکار سے مطالبہ کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہاہے کہ سڑکوں کی خستہ حالی سے سیاحت متاثر ہورہی ہے اور عام لوگوں کو دقتوں کا سامنا کرنا پڑتاہے۔

انتقال

وادی کے ایک معروف ریڈیو اور ٹیلی ویژن اداکار سجاد خان انتقال کرگئے ہیں۔ انہوںنے ریڈیو اور دوردرشن کے کئی ڈراموں میں اپنی فنکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔کئی ادبی، سماجی شخصیات اور انجمنوں نے اُن کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔دوردرشن سرینگر کے سابق ڈی جی ڈاکٹر رفیق مسعودی ، نامور تھیٹر ایکٹر اور ڈایریکٹر مشتاق علی احمد خان،ساگر کلچرل فورم کے سرپرست ساگر نذیر اور ریڈیو لسنرس ایسوسی ایشن کے صدر ساحل ڈار، جے اینڈ کے ریڈیو ، دوردرشن آرٹسٹس ایسوسی ایشن ،اندرکلچرل فورم سمبل، مہک ڈراماٹِک کلبسمیت کئی ادبی ،سیاسی اور سماجی شخصیات نے سجاد خان کی وفات کواداکاری کے شعبے کیلئے ایک بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے۔

عرس

بلند پایہ ولی حضرت سید میر میرک اندرابیؒ کے عرس پاک کے سلسلے میں آج ان کے آستان عالیہ واقع ملارٹہ سرینگر میں ختمات المعظمات اوردرودواذکار کی مجلس منعقد ہوئی۔اُدھر حضرت خواجہ مسعود ولیؒ کا عرس بھی آج پانپور میں ان کے آستان عالیہ پر منایا گیا۔

سٹوڈنٹ رہائی

جموں وکشمیر سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن نے آج سعودی عرب کی جیل سے کشمیری نوجوان کی رہائی اور اُن کی بحفاظت وطن واپسی پر مرکزی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا شکریہ ادا کیاہے۔ایسوسی ایشن کے قومی کنوینئر ناصر کھوئہامی نے بتایاکہ امجد جو سعودی

میں صحت کے شعبے میں بطور ملازم تھے ، کو مارچ 2026میں Dammam عرب کے شہر
سعودی سول ڈیفنس حکام نے ان کے دفتر سے حراست میں لیاتھا۔

فٹبال

نیویارک کے نیوجرسی سٹیڈیم مینکل رات کھیلے گئے فیفا ورلڈ کپ 2026میں اسپین نے ارجنٹینا کو صفر کے مقابلے ایک گول سے ہرادیا۔مقررہ 90منٹ تک دونوں ٹیمیں کوئی گول نہ کرسکیں جس کے بعد دئے گئے اضافی وقت میں فیران ٹوریس نے گول کرکے اسپین کو کامیابی دلادی۔اس فتح کے ساتھ اسپین نے اپنا دوسرا فیفا ورلڈ کپ جیت لیا ہے۔اس سے پہلے 2010میں اسپین نے پہلی بار عالمی کپ ٹرافی اپنے نام کی تھی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہحرارت27.6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہحرارت 19 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29.8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت24.7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 34 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر40منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔